براہینِ قاطعہ

بجواب

انوارِ ساطعہ

مروجہ مولود و فاتحہ اور شرک و بدعات و رسومات کے رد میں لاجواب کتاب
جس میں "انوار ساطعہ" کا مفصل جواب اور احمد رضا خاں صاحب کے بہتانات کے شافی جواب شامل ہیں

حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوریؒ
حسب الحکم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ
ضمیمہ از: مولانا محمد منظور نعمانی

سوال: هل الاسلام فی سائر الاقطار و المدن الکبار یحتفلون فی شهر مولدہ و یعتنون بقراءۃ مولدہ الکریم و یظہر علیہم من برکاتہ کل فضل
عمیم اور ملا علی قاری نے کل ملکوں میں مولد شریف کا ہونا ثابت کیا ہے جس کا جی چاہے ان کے رسالہ میں دیکھے کہ وہ لکھتے ہیں یہ بات کہ حرمین
شریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً اور ملک مصر اور ملک اندلس اور ممالک مغربی اور ملک روم اور ملک عجم اور ملک ہندوستان وغیرہ میں کمال
اہتمام اور احتشام سے ہوتی ہیں محفلیں مولد شریف کی اور یہ بھی لکھا ہے ومن تعظیمہ مشائخہم وعلماءہم ہذا المولد المعظم والمجلس المکرم انہ لا
یأباہ احد فی حضورہم سے جملہ اوسل کے عوض ضمیر غائب لفظ ہم راجع جمیع مذکورین یا دیار و امصار مذکورہ بالا کی طرف پس معنی یہ ہوئے کہ اس محفل اور مجلس
کی تعظیم ان سب ملکوں کے مشائخ طریقت اور علماء شریعت اس قدر کرتے ہیں کہ کوئی اس میں حاضر ہونے سے انکار نہیں کرتا انتہی کلامہ پس مقبولیت
اور شہرت اور کثرت اس عمل پاک کی کلام ملا علی قاری اور سخاوی سے ظاہر ہو گئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ علماء اور مشائخ میں کوئی انکار نہیں کرتا تھا
اس سے ظاہر ہوا کہ وہ جو کوئی ایک دو آدمی ادہر ادہر انکار کرتا ہو وہ مخالفت ہزاروں بلکہ لاکھوں کے اور خلاف سواد اعظم سمجھ کر ہر دورہ اور ہر عہد
میں وہ منکر اپنے علماء معاصرین میں غیر مقبول اور متروک العمل رہا چنانچہ حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً میں زمانہ قدیم سے ابتک اور
ملک روم شام و اندلس اور ممالک مغربی وغیرہ تمام بلاد اسلامیہ میں ہمیشہ سے اس وقت تک اسی استحباب اور استحسان محفل مولد شریف پر
عمل ہے سوائے اس خطہ پاک حضرت ہندوستان کے کہ اس میں طرح طرح کے انکار پیدا ہو گئے اور زمانہ قدیم میں بھی علماء ہند کے مقبولین
معتمدین متقدمین مثل شیخ عبد الحق محدث دہلوی اور ملا محمد طاہر صاحب مجمع البحار استحباب عمل مولد کے قائل تھے اور نیز بعض قصص و
حکایات ہمایوں وغیرہ بادشاہان دہلی سے اور نیز کلام حافظ ابو الخیر سخاوی سے ملک ہندوستان میں رائج ہونا اس عمل پاک کا یقینی طور پر

اگر کروڑوں علماء بھی فتوی دیویں بمقابلہ نص کے ہرگز قابل اعتبار کے نہیں اگر کچھ بھی علم و عقل ہو تو ظاہر ہے پس قول سبط ابن الجوزی کا
کہ یحضر عندہ فی المولد اعیان العلماء والصوفیہ بمقابلہ النصوص کے ہرگز ملتفت نہیں اور تمام بلاد میں اشتہار اس کا کوئی دلیل شرعی نہیں
صلوۃ لیلۃ البراءۃ اور رغائب تمام دنیا میں شائع ہوئی اور بدعت بھی رہی پس اشتہار امر غیر مشروع کا موجب جواز کا نہیں ہوتا پس
سخاوی کے اس قول میں کوئی حجت شرعیہ نہیں علی ہذا ملا علی قاری کا لکھنا کہ تمام ملکوں میں یہ رائج ہے قولہ اس سے ظاہر ہوا کہ وہ جو کوئی الخ
اقول جو ایک دو عالم موافق نصوص شرعیہ کے فرماوے اور اس کی تمام دنیا مخالف ہو کر کوئی بات خلاف نصوص اختیار کرے تو وہ ایک دو ہی عالم
مظفر منصور اور عند اللہ مقبول ہوویں گے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یزال طائفۃ من امتی علی الحق منصورین لا یضرہم من خالفہم
حتی یاتی امر اللہ طائفہ خود قطعیہ شے کا ہوتا ہے اور قلت پر دلالت کرتا ہے پس خود ارشاد فخر عالم ہے کہ جو موافق کتاب و سنت کے ہیے وہ
طائفہ قلیلہ اگرچہ رجل واحد بھی ہو وہ علی الحق اور اس کی مخالف تمام دنیا بھی ہو تو مردود ہے اور یہاں خود مبرہن ہو لیا کہ یہ مجلس مروج
اور ادلہ اربعہ شرعیہ کے خلاف ہے اور ادلہ اربعہ سے بدعت ہونا اس کا ثابت ہے فماذا بعد الحق الا الضلال اب مؤلف ممالک کی تمنا
کر کے اپنی کرم کہاں تک لکھی جاوے بندہ احقر پہلے عرض کر چکا کہ مؤلف کے پاس کوئی دلیل سوائے اس کے نہیں کہ تمام علماء کرتے رہے اور یہ بشرط
ثبوت و تسلیم کوئی حجت شرعیہ نہیں حجت وہ ہے کہ ادلہ اربعہ سے پیدا ہووے اب مؤلف کا مایہ علم اور دلیل اثبات اس کے مدعا کی یہاں تک
نوبت پہنچی کہ ہمایوں وغیرہ بادشاہان کی حکایات سے استناد کرنے لگا اور کفار فرنگ کی تعطیل کو بھی حجت جواز بنالیا کل ایام لیلا کی تعطیل کو
حجت جواز ایام لیلہ کی نہ لکھ دیوے استغفر اللہ استغفر اللہ مؤلف کے حواس میں بیشک فتور اور اس کو ضعف دماغ سے مالیخولیا ہو گیا